# 05-12-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ پر چیف منسٹر نے کہا کہ خواتین کے لئے مفت بس سفر کی سہولت سے آر ٹی سی میں نئی جان آئی ہے۔

۲۔اسرو نے آج آندھرا پردیش کے سری ہری کوٹہ میں ستیش دھون اسپیس سنٹر سے پی ایس ایل وی۔ سی 59 لانچ وہیکل خلا میں داغی۔

۳۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ اندراماں مکانات کے الاٹمنٹ میں غریب ترین افراد کو ترجیح دی جائے گی۔

اور

۴۔ تلنگانہ کے ایم ایل اے ہریش راؤ کو آج اس وقت راحت ملی جب ہائی کورٹ نے پنجہ گٹہ پولیس کی جانب سے درج کئے گئے فون ٹائپنگ کیس میں پولیس کو ہدایت دی کہ وہ انہیں گرفتار نہ کریں۔

○○

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اندراماں ہاؤزنگ اسکیم کے تحت ایک موبائل ایپ کا آج افتتاح انجام دیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اس ایپ کی مدد سے مستحقین کو مکانات حاصل ہوں گے۔ انہوں نے اِس سے استفادہ کنندگان کیلئے طریقہ کار میں آسانی پیدا ہوگی۔ اِس ایپ کا مقصد ہاؤزنگ اسکیم پر عمل آوری میں خامیوں کو روکنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے سال میں ساڑھے چار لاکھ مکانات کے لئے انتظامی منظوری دی گئی ہے۔ ہر اسمبلی حلقہ کیلئے 3 ہزار 500 مکانات منظور کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مکانات کے الاٹمنٹ میں غریب ترین افراد کو ترجیح دی جائے گی۔ دلتوں، قبائلیوں، زرعی مزدوروں، صفائی کرمچاریوں، معذورین اور ٹرانس جنڈرس کو ترجیح دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت آئی ٹی ڈی اے علاقہ کے ساتھ خصوصی برتاؤ کرے گی اور ان کے لئے خصوصی فنڈس فراہم کئے جائیں گے۔

○○

بنجارہ ہلز پولیس نے بی آر ایس کے ایم ایل اے، پی کوشک ریڈی کو آج گرفتار کرلیا۔ کل بنجارہ ہلز پولیس اسٹیشن کے سرکل انسپکٹرس کو دھمکی دینے، انہیں گالیاں دینے اور فرائض کی انجام دہی سے انہیں روکنے کے الزام میں کوشک ریڈی کے خلاف ایک مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ حضور آباد کے ایم ایل اے کوشک ریڈی کو نڈہ پور میں ان کے مکان سے گرفتار کرلیا گیا اور انہیں بنجارہ ہلز پولیس اسٹیشن منتقل کر دیا گیا۔ رکن اسمبلی نے کہا کہ انہیں غیر قانونی طور پر گرفتار کیا گیا ہے۔ اس دوران پولیس نے سابق وزرا ہریش راؤ اور جگدیش ریڈی کے بشمول بی آر ایس کے کئی قائدین کو اُس وقت حراست میں لے لیا جب وہ کوشک ریڈی سے ملاقات کے لئے ان کے مکان پہنچے تھے۔ ہریش راؤ کو گچی باؤلی پولیس اسٹیشن منتقل کیا گیا۔ اس دوران بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے پارٹی قائدین کی گرفتاری کی مذمت کی ہے۔ انہوں نے ہریش راؤ، جگدیش ریڈی اور دیگر بی آر ایس قائدین کو فوری رہا کرنے کا مطالبہ کیا۔

○○

جی ایم آر حیدرآباد انٹرنیشنل ایرپورٹ لمیٹڈ نے کہا ہے کہ اس نے تلنگانہ کے نوجوانوں کو ہوابازی کے شعبہ میں ہنرمند بنانے کیلئے ینگ انڈیا اسکل یونیورسٹی کے ساتھ یادداشتِ مفاہمت پر دستخط کئے ہیں۔ جی ایچ آئی اے ایل نے ایک بیان میں کہا کہ اس اشتراک سے ہوابازی میں مختلف تربیتی پروگرام اور سرٹیفکیشن فراہم ہوسکیں گے۔ اس کی مدد سے ہنرمند افراد کی تعداد میں اضافہ ہوگا اور ہوابازی کی صنعت کی بڑھتی ہوئی مانگ کی تکمیل ہوگی۔

کمپنی نے کہا کہ کلاس روم کوچنگ کے علاوہ یونیورسٹی طلبہ کوعملی تربیت فراہم کرے گی جس کی مدد سے وہ اس شعبہ میں ہنر حاصل کرسکیں گے۔

OO

مرکزی وزیرتعلیم دھرمیندر پردھان کل دہلی میں انڈین سائن لینگوتیج کے لئے پی ایم ای ودیا ڈی ٹی ایچ چینل نمبر 31 کا افتتاح کریں گے۔اس موقع پرمملکتی وزیرتعلیم جینت چودھری بھی موجود رہیں گے۔اس پروگرام میں قوت سماعت سے محروم بچےمختلف شعبوں میں کامیابی حاصل کرنے والےقوت سماعت سے محروم افرادخصوصی معلمین ،آئی ایس ایل سرٹیفائیڈ انٹرپریٹرس اورقوت سماعت سے محروم افرادکوقومی دھارے میں شامل کرنے کے لئے سرگرم تنظیمیں شرکت کریں گی۔اس اقدام کے ذریعہ قومی تعلیمی پالیسی 2020ء کے مقاصد کے حصول میں مدد ملے گی۔قومی تعلیمی پالیسی 2020ء میں سب کے لئے سازگار تعلیمی ماحول کو پروان چڑھانے کے لئے انڈین سائن لینگوتیج کے فروغ کی سفارش کی گئی ہے۔

OO

لوک سبھا میں آج اپوزیشن کے شورشرابے کے بعدایوان کی کارروائی دن بھر کے لئے ملتوی کردی گئی۔شوروغل اس وقت شروع ہواجب بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ نشی کانت دوبے نے کانگریس کے اعلیٰ قائدین پر الزامات لگائے اور سنبھل تشدد کے واقعہ پر چند ریمارکس کئے۔دوپہر 3 بجے جب ایوان کی کارروائی دوبارہ شروع ہوئی تو وزیرریلوے اشونی ویشنو نے ریلویز ترمیمی بل 2024ء پر مباحث کا جواب دینے کی کوشش کی۔تاہم اپوزیشن کے ارکان پارلیمنٹ نے شورشرابا جاری رکھا جس کے نتیجہ میں ایوان کی کارروائی دن بھر کے لئے ملتوی کردی گئی۔

OO

ونپرتی کے ضلع کلکٹرآدرش سورابھی نے بینکرس سے کہا ہے کہ وہ ضلع کی سطح پرخصوصی مشاورتی اجلاس منعقد کریں۔کلکٹر نے کہا کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی امکان ہے کہ 21 دسمبر کوونپرتی ضلع کا دورہ کریں گے اورایم ایس ایم ای، پی ایم ای جی پی، اسٹانڈ اَپ انڈیا، مدرا، پردھان منتری وشواکرما، فلاحی محکموں سے متعلق رعایتی قرضوں اور پی ایم سواندھی کے استفادہ کنندگان میں چک تقسیم کریں گے۔

OO

تلنگانہ مقنّنہ کا سرمائی اجلاس پیر سے شروع ہوگا۔یہ سیشن کافی اہم ہوگا کیونکہ موجودہ کانگریس حکومت کئی بل پیش کرے گی۔سابقہ بی آر ایس حکومت کی جانب سے بنائے گئے قوانین کی تنسیخ یا ان میں ترمیم کے لئے بھی بل پیش کئے جائیں گے۔اِس سرمائی سیشن کے دوران کسانوں کے زمینی حقوق اور پٹہ دار پاس بک سے متعلق قوانین پیش کئے جائیں گے۔اس کا مقصدان کسانوں کوراحت فراہم کرنا ہےجنہیں سابقہ حکومت کی جانب سے منظور کئے گئے قانون کے بعدعدالتی مقدمات کا سامنا کرنا پڑرہاہے۔

OO

اسرو نے آج آندھراپردیش کے سری ہری کوٹہ میں ستیش دھون اسپیس سنٹر سے پی ایس ایل وی۔سی 59 لانچ وہیکل خلا میں داغی۔اس اس خلائی گاڑی کے ذریعہ پروبا۔3 اسپیس کرافٹ خلاء میں بھیجا گیا ہے۔سری ہری کوٹہ رینج میں اسپیس پورٹ کے پہلے لانچ پیڈ سے شام 4 بجکر 4 منٹ پر خلائی گاڑی داغی گئی۔ اس لانچ کے بعداسرو نے سوشیل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بتایا کہ پی ایس ایل وی۔سی 59 کامیابی کے ساتھ خلا میں داغی گئی ہے۔اس کے ساتھ ہی یوروپی خلائی ایجنسی کے انقلابی پروبا۔3 سٹلائٹ کوخلا میں بھیجنے کا عالمی مشن شروع ہوا ہے۔

○○

تلنگانہ کے ایم ایل اے ہریش راؤ کو آج اس وقت راحت ملی جب ہائی کورٹ نے پنجہ گٹہ پولیس کی جانب سے درج کئے گئے فون ٹائپنگ کیس میں پولیس کو ہدایت دی کہ وہ انہیں گرفتار نہ کریں۔عدالت نے پولیس کو حکم دیا کہ وہ اِس عرضی کی سماعت کے دوران ہریش راؤ کو حراست میں نہ لیں۔ ہریش راؤ نے اس مقدمہ کو خارج کرنے کے لئے عدالت سے درخواست کی ہے۔عرضی پر سماعت کے دوران ہائی کورٹ نے پولیس سے کہا کہ وہ ہریش راؤ کو نوٹس جاری کرے اور قانونی طریقہ کار کے مطابق تحقیقات کریں۔

○○

حیدرآباد میں سکھ برادری 8 دسمبر کو 9 ویں سکھ گروسری گرو تیغ بہادر صاحب جی کا 349 واں یوم پیدائش منائے گی۔ پربندھک کمیٹی کے صدر پرتاپ سنگھ،سکریٹری رنجیت سنگھ اور سیوادار جسوبیندر سنگھ نے بتایا کہ اتوار کو چلکل گوڑہ کے میونسپل گراؤنڈ پر وشال کیرتان دربار ہوگا۔شام میں ساڑھے چار بجے گردوارہ صاحب سیتا پھل منڈی سے رنگارنگ نگر کیرتن نکالا جائے گا جو گرو تیغ بہادر بھون سے گذرے گا۔جلوس کے دوران تلواروں سے لڑائی کے ہنر اور دیگر دم بخود کردینے والے کرتب دکھائے جائیں گے۔

○○

پرجا پالنا وجئے اتسو کے حصہ کے طور پر آج محکمہ ٹرانسپورٹ کے زیر اہتمام ایچ ایم ڈی اے گراؤنڈ پر تقاریب کا اہتمام کیا گیا۔اس موقع پر چیف منسٹر ریونت ریڈی نے محکمہ ٹرانسپورٹ کے نئے لوگو کی رسم اجرا انجام دی۔محکمہ ٹرانسپورٹ اور تلنگانہ آر ٹی سی کی کامیابیوں پر ایک بروچر کی رسم اجرا بھی انجام دی گئی۔آر ٹی سی میں خدمات انجام دیتے ہوئے فوت ہونے والے ملازمین کے ارکانِ خاندان کو تقررنامے بھی پیش کئے گئے۔ان تقاریب کے ذریعہ حکومت کی مختلف کامیابیوں کو نمایاں کیا گیا۔محکمہ ٹرانسپورٹ نے اپنے پراجکٹس اور خدمات کو اجاگر کرتے ہوئے اسٹالس لگائے۔ چیف منسٹر نے ان اسٹالس کا معائنہ کیا اور عہدیداروں کے ساتھ بات چیت کی۔

○○

اس موقع پر چیف منسٹر نے کہا کہ خواتین کے لئے مفت بس سفر کی سہولت سے آر ٹی سی میں نئی جان آئی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس اسکیم نے آر ٹی سی ملازمین کی زندگیوں کو بھی بدل دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ علیحدہ ریاست تلنگانہ کے حصول میں آر ٹی سی کے ملازمین نے اہم رول ادا کیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ سابقہ بی آر ایس حکومت نے آر ٹی سی کو نظرانداز کیا۔ چیف منسٹر نے کہا کہ گزشتہ 11 مہینوں میں 115 کروڑ سے زیادہ خواتین نے بسوں میں سفر کیا ہے اور ہر خاتون نے ہر مہینہ پانچ تا سات ہزار روپے کی بچت کی ہے۔